# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 13 November 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۳؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **اسمبلی چناؤ کی تشہیر میں تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین دورے پر ' ایک دوسرے پر الزامات کے تبادلے**

☆ **چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں کل سبھی سیاسی جماعتوں کے تشہیری جلسوں کا اہتمام' انتظامیہ نے کیا بہترین بندوبست**

☆ **ریاست بھر کے 426 ؍رائے دہی مراکز کا کام کاج خواتین افسران و ملازمین کے سپرد**

**اور**

☆ **بھارت - جنوبی افریقہ کے مابین آج تیسرا T-20 ؍کرکٹ مقابلہ**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ریاست میں اسمبلی انتخاب کی تشہیری مہم کے اب کچھ ہی دن باقی ہیں۔ اِسی لیے تقریباً سبھی سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنما ریاست بھر میں اپنی اپنی پارٹی امیدواروں کی تشہیر کے لیے دورے کر رہے ہیں۔

اِسی تناظر میں وزیر اعظم نریندر مودی ' مرکزی وزیر داخلہ اِمت شاہ ' کانگریس پارٹی کے رہنما راہل گاندھی اور دیگر سرکردہ قائدین کل ریاست کے مختلف اضلاع میں تشہیری جلسوں سے خطاب کریں گے۔

کل پونا میں تشہیری جلسے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ مہایوتی کا منشور مہاراشٹر کی ترقی کی ضمانت ہے۔ کشمیر سے ہٹائی گئی قلم 370 ؍بحال کرنے کے موضوع پر انھوں نے کانگریس پارٹی سمیت دیگر سیاسی جماعتوں پر تنقید کی۔

اِسی طرح چندر پور ضلعے کے چمور اور شولا پور میں بھی انھوں نے تشہیری جلسوں سے خطاب کیا۔ چمور میں عوام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے مہا یوتی کے دورِ حکومت میں کیے گئے کاموں کا جائزہ پیش کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کانگریس پارٹی پر کسانوں کو نظر انداز کرنے کا الزام لگایا۔ اپنی تقریر میں انھوں نے کہا...

**''کانگریس کی اِسی سوچ نے ہمارے مہاراشٹر کے کسانوں کو بدحال بنائے رکھا۔ ہمارے اِس علاقے میں سینچائی کے لیے کانگریس اور اُس کے سہیوگیوں نے آپ لوگوں کو کتنا ستایا ''**

اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے مزید کہا کہ اگر ریاست میں دوبارہ اُن کی پارٹی کی حکومت قائم ہوتی ہے۔ تو سویابین کی فصل کو 6 ہزار روپئے کا ضمانتی بھاؤ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کل لاتور ضلعے کے دیونی اِسی طرح کلاری اور بیڑ ضلعے کے امبا جوگائی نیز پاٹودا میں پارٹی امیدواروں کے تشہیری جلسوں سے خطاب کیا۔

اِسی سلسلے میں بی جے پی کے سینئر رہنما یوگی آدِتیہ ناتھ نے کل آکولا ' امراوتی اور ناگپور میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

شیوسینا پارٹی کے سربراہ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل بلڈھانہ ضلعے کے میہکر اور لاتور ضلعے کے اوسا میں پارٹی امیدواروں کے جلسوں میں خطاب کیا۔ اپنی تقاریر میں وزیر اعلیٰ نے مہا وِکاس آگھاڑی کی حکومت قائم ہونے پر دال ' چاول ' گندم' شکر اور تیل جیسی خوردنی اشیاء کی قیمتیں مستحکم کرنے کا تیقن دیا۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے رہنما راہل گاندھی نے کل گوندیا میں تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کانگریس پارٹی کے منشور میں کیے گئے وعدوں کا ایک بار پھر تذکرہ کیا۔ اپنے خطاب میں انھوں نے مزید کہا ...

’’نریندر مودی جی تین کالے قانون لائے‘ دیش میں سارے کے سارے کسان اُس کے خلاف کھڑے ہو گئے اور نریندر مودی بھاشن میں کہتے ہیں کہ میں تو یہ بِل کسانوں کے فائدے کے لیے لایا تھا۔ اگر آپ کسان کا فائدہ کرنے کی کوشش کر رہے تھے تو کسان سڑکوں پر کیوں اُترے۔ کیوں کی کسان جانتا ہے کہ آپ کسان کی کبھی مدد نہیں کرتے ہو۔ 16/لاکھ کروڑ روپئے آپنے ارب پتیوں کا معاف کیا۔ میں پوچھتا ہوں نریندر مودی جی دس گیارہ سال میں کتنے کسانوں کا قرض معاف کیا ہے۔‘‘

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار نے کل ناسک میں 4/مقامات پر تشہیری جلسوں میں خطاب کیا۔ اِسی طرح رکن پارلیمان سُپریہ سُرِ ے نے گڈ چِرولی ضلعے کے آلاپلّی میں تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

چھتر سنبھا جی نگر ضلعے کے پھلمبری حلقہ انتخاب میں کل مہایوتی کی امیدوار انورادھا چوہان نے جلسہ عام میں شہریان سے تبادلہ خیال کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھا جی نگر ضلعے میں کل بروز جمعرات تقریباً سبھی سیاسی جماعتوں کے تشہیری جلسوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ اِسی سلسلے میں وزیر اعظم نریندر مودی چِکل تھانہ اور جالنہ میں جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔

اِسی طرح چھترپتی سنبھا جی نگر کے مراٹھواڑہ سنسکرتک منڈل میدان پر شیو سینا اُدھو باڑ اصاحیب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے جلسہ عام میں تقریر کریں گے۔ اِس جلسے کی تیاریوں کے خصوص میں پارٹی رہنما امباداس دانوے نے کل اورنگ آباد مشرق ‘ مغرب اور وسط اِس طرح تینوں اسمبلی حلقوں کے پارٹی کارکنان کی میٹنگ کا اہتمام کیا تھا۔

ونچِت بہوجن آگھاڑی کی رہنما انجلی آمبیڈکر آئندہ کل یعنی جمعرات کے روز چھترپتی سنبھا جی نگر‘ کنڑ اور گنگا پور میں تشہیری جلسوں میں اظہار خیال کریں گی۔

اورنگ آباد مشرق حلقہ اسمبلی سے سماج وادی پارٹی کے امیدوار ڈاکٹر عبدالغفار قادری کی تشہیر کے لیے پارٹی کی رہنما اقرا حسن ‘ ثناء خان اور مفتی انس کل چھترپتی سنبھا جی نگر تشریف لا رہے ہیں۔

***** ***** *****

اِس مرتبہ ریاستی اسمبلی انتخاب میں ریاست بھر میں 426/رائے دہی مراکز پر خواتین افسران و ملازمین خدمات انجام دیں گی ۔ خواتین رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے '' خواتین کے زیر انتظام رائے دہی مراکز '' قائم کیے جا رہے ہیں ۔ اِس میں سب سے زیادہ 45/رائے دہی مراکز ناسک ضلعے میں قائم کیے جائیں گے جبکہ سب سے کم خواتین رائے دہی مراکز واشم ' سندھودرگ ' گڈ چرولی اور ہنگولی ضلعے میں قائم کیے جائیں گے ۔ وہاں فی ضلع تین تین خواتین رائے دہی مراکز قائم کیے جائیں گے ۔

اِسی طرح چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے میں 13/ بیڑ میں 8/ جالنہ اور لاتور میں فی ضلع 6/ ناندیڑ میں 9/ دھاراشیو میں 4/ اور پربھنی میں 8/رائے دہی مراکز خواتین افسران و ملازمین کے زیر انتظام ہوں گے ۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے خصوص میں نافذ ضابطہ اخلاق کے دوران ریاست بھر سے c-VIGIL ایپ پر اب تک 5/ ہزار 286/شکایات درج کی جا چکی ہیں ۔ چُناؤ کمیشن نے اِن میں سے 5/ ہزار 230/شکایات کا ازالہ کر دیا ہے ۔ اِسی عرصے میں مختلف اِداروں کی جانب سے کی گئی کارروائیوں میں ناجائز پیسہ ' قیمتی دھاتیں ' شراب اور دیگر منشیات اِس طرح تقریباً 502/کروڑ 63/لاکھ روپئے مالیت کی اشیاء ضبط کی جا چکی ہیں ۔

***** ***** *****

بھارت اور جنوبی افریقہ کے مابین تیسرا T-20/کرکٹ مقابلہ آج سینچورین میں کھیلا جائے گا ۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ مقابلہ رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا ۔ خیال رہے کہ سیریز میں ایک ایک مقابلہ جیت کر دونوں ٹیمیں برابری پر ہیں ۔

***** ***** *****

سامعین ' آکاشوانی کی جانب سے رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے لیے خصوصی اقدام کیا جا رہا ہے ۔ خصوصاً نوجوان رائے دہندگان سے ووٹ دینے کی اپیل کی جا رہی ہے ۔ سیاسی امیدواروں سے آپ کی کیا توقعات ہیں اپنے نام کے ساتھ اِس کی ویڈیو بنا کر ہمارے واٹس ایپ نمبر 20 20 69 20 94 اِس نمبر پر اِرسال کر سکتے ہیں ۔ ہم آپ کی ویڈیو ہمارے سوشل میڈیا کاؤنٹس پر شیئر کریں گے ۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی انتخاب کے خصوص میں آکاشوانی سے ہرشام 7/بج کر 10/منٹ پر نشر کیے جارہے پروگرام '' آڈھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھاچا '' میں آج اہلیانگر ضلعے کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

سو ئیپ پروگرام کے تحت ناندیڑ شہر میں کل چھتر پتی شیواجی مہاراج پُتلے سے مہاتما گاندھی پُتلے تک انسانی زنجیر بنا کر رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔اِس موقعے پر حاضرین نے '' ووٹ کرے گا ووٹ کرے گا سارا ناندیڑ ووٹ کرے گا '' نعرے بھی لگائے۔

***** ***** *****

پربھنی میں رائے دہندگان کی حوصلہ افزائی کے مقصد سے ضلع سطحی ریلس کا مپی ٹیشن کا اہتمام کیا گیا ہے۔ضلع کلکٹر نیز ضلع چُناؤ افسر رگھوناتھ گاوَڈے نے شہریان سے آئندہ 18/نومبر تک زیادہ سے زیادہ ریلس بنا کر پیش کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **اسمبلی چُناوَ کی تشہیر میں تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین دورے پر ' ایک دوسرے پر الزامات کے تبادلے**

☆ **چھتر پتی سنبھا جی نگر ضلعے میں کل سبھی سیاسی جماعتوں کے تشہیری جلسوں کا اہتمام' انتظامیہ نے کیا بہترین بندوبست**

☆ **ریاست بھر کے 426 /رائے دہی مراکز کا کام کاج خواتین ملازمین سنبھالیں گی**

**اور**

☆ **بھارت - جنوبی افریقہ کے مابین آج تیسرا T-20 /کرکٹ مقابلہ**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھتر پتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆